**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/3/5 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک کے مالی سال 2024 کے تاریخی بجٹ کی جھلکیاں پیش کیں***

***ایک معاہدہ ہو گیا جس کے تحت ججوں کو سخت ترین جرائم کے لئے ضمانت مقرر کرنے کے لئے زیادہ صوابدید ملے گی؛ اس میں اسلحے کے ذریعے تشدد سے نمٹنے، جرم کا ارتکاب بار بار کرنے، اور وبا سے بحالی کے عمل کے دوران میں فوجداری انصاف کے نظام کی حمایت کے لئے $772 ملین شامل ہیں***

***گورنر نے نیویارک والوں کے ساتھ کیا ہوا اپنا وعدہ پورا کر دیا: مالی سال 2024 کے بجٹ میں انکم ٹیکس میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا***

***$1 بلین کا منصوبہ ریاست نیویارک میں ذہنی صحت کی نگہداشت کے تسلسل میں بہتری لائے گا***

***$100.7 ملین اسقاط حمل تک رسائی کے تحفظ اور ریاست نیویارک کی محفوظ بندرگاہ تک رسائی کو مزید مضبوط و بہتر بنانے کے لئے***

***تعلیم کے شعبے کی بڑی سرمایہ کاری میں فنڈ فاؤنڈیشن کی مکمل امداد کے لئے $24 بلین اور SUNY اور CUNY میں نئے سرمایہ کاری منصوبوں کے لئے $2.4 بلین شامل ہیں***

***کرایہ داروں بشمول NYCHA اور سیکشن 8 والوں کے لئے ہنگامی کرایہ امداد پروگرام فنڈنگ کو $391 ملیں گے***

***MTA فنڈنگ مزید مستحکم ہوگی جبکہ ریاست بھر میں پبلک ٹرانزٹ میں سرمایہ کاری کرنے کے دوران 'مالیاتی پہاڑیوں' یا سروس کٹوتیوں سے گریز کرنا ممکن بنے گا***

***توانائی اور بجلی کی استطاعت بڑھانے، آلودگی کے اخراج کو کم کرنے، اور صاف ہوا اور پانی کو فروغ دینے والی انقلابی سرمایہ کاریاں***

***نیو یارک سٹی، لانگ آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر میں کم از کم اجرت $16 تک بڑھا دی گئی ہے جبکہ ریاست کے دیگر حصوں میں $15 مقرر کی گئی ہے، جس میں دو سالوں تک $0.50 کا اضافہ ہوگا اور سنہ 2026 کے بعد افراط زر کو بھی مدنظر رکھا جائے گا***

***صحت کی دیکھ بھال والی کیپٹل فنڈنگ میں $1 بلین جس سے مستقبل صحت کی دیکھ بھال کا مزید مضبوط نظام قائم ہوگا***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک کے مالی سال 2024 کے تاریخی بجٹ کی جھلکیاں پیش کیں۔ یہ بجٹ گورنر Hochul کے اس جرات مندانہ ایجنڈے کی عکاسی کرتا ہے کہ نیویارک کو زیادہ سستا، زیادہ قابلِ رہائش اور زیادہ محفوظ بنانے کے لیے رہائشی مکانات، دماغی صحت کی نگہداشت، تحفظِ عامہ، تعلیم، ماحولیاتی اقدامات، اور مزید بہت سی امور میں سمارٹ اور ذمہ دارانہ سرمایہ کاریاں کی جائیں۔ بجٹ مذاکرات کے آغاز میں گورنر کے

وعدے کو مدنظر رکھتے ہوئے مالی سال 2024 کے بجٹ میں ریاستی انکم ٹیکس میں کوئی نیا اضافہ شامل نہیں کیا گیا ہے

"اس بجٹ کے ذریعے، میں اپنا وہ وعدہ پورا کر رہی ہوں کہ امپائر سٹیٹ کو نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے زیادہ سستی، زیادہ قابلِ رہائش، محفوظ جگہ بنایا جائے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ جرات مندانہ سرمایہ کاریاں آج اور کل کے نیویارک باسیوں کو - ان کی مضبوط مالی بنیادیں برقرار رکھتے ہوئے - ممزید ترقی دیں گی، اور میں مقننہ میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اس پورے عمل میں میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔"

**ایک متوازن بجٹ**

گورنر Hochul کا مالی سال 2024 کا بجٹ نیویارک کی مستحکم مالیاتی حالت کی عکاسی کرتی ہے، حالانکہ عالمی اقتصادی رجحانات کی جانب سے اب بھی ملے جلے اشارے مل رہے ہیں۔ تمام فنڈز پر خرچ کرنے کے لیے 3.9 فیصد کے اضافے کے ساتھ مجموعی طور پر **$229 بلین** مختص ہیں۔ مالی سال 2024 اور مالی سال 2025 کے لیے جو مالیاتی ریزروز جمع کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے وہ رواں سال کے آخر تک مکمل ہو جائیں گے — یعنی شیڈول سے دو سال پہلے — جن کے تحت کوئی مشکل وقت آنے کی صورت میں بحران سے نمٹنے کے لیے مجموعی طور پر **$19.5 بلین** بچیں گے۔

مزید برآں، مقننہ نے گورنر کی اس تجویز سے بھی اتفاق کیا کہ مشکل حالات سے نمٹنے کے لئے قابل قبول مالی ذخائر کی قانونی حد میں مزید اضافہ کیا جائے۔ اس سے ریاست کو مستقبل کی اقتصادی گراوٹوں سے بچنے کے لئے غیر منصوبہ بند وسائل کو بچا کر ایک طرف رکھنے کی اجازت ملے گی۔

**بندوق کے پُرتشدد استعمال کو کم کرنا اور زیادہ محفوظ ریاستِ نیویارک کی تشکیل کرنا**

نیویارک کو ایک محفوظ ریاست بنانے کی کوششوں کے ایک جزو کے طور پر، گورنر Hochul اور ریاستی رہنماؤں نے ججوں کو سنگین ترین جرائم کے لئے ضمانت مقرر کرنے کے لئے زیادہ صوابدید دینے کے لئے ایک معاہدہ بھی کیا۔ ریاستی فنڈنگ کی مدد سے ان پروگراموں اور خدمات کو وسعت دی جائے گی جو اسلحے کے پُرتشدد استعمال اور دیگر پُرتشدد جرائم کو مزید کم کرنے، تکرارِ جرم میں کمی لانے، جان لیوا فینٹانل کی ترسیل کا مسئلہ حل کرنے، اور عدالتی نظام کی افادیت کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہی ہیں، جو عالمی وبا سے متاثر ہوا تھا۔

- اسلحے کے پُرتشدد استعمال کو روکنے اور کم کرنے کے لیے بنائے گئے پروگراموں کے لیے **$347 ملین -** جو مالی سال 2023 کے بجٹ میں **$120 ملین کا اضافہ ہے،** جس میں یہ شامل ہیں لیکن صرف ان تک محدود نہیں:
  - نوجوانوں کے روزگار پروگراموں کے لئے **$84.1 ملین،** جن میں سے **$37 ملین** اسلحے کے ذریعے شامل تشدد کے خاتمے (GIVE) کے دائرہ اختیار والے پروگراموں کے لئے ہیں۔
  - کمیونٹیز کو اسلحے کے ذریعے تشدد کے واقعات سے نمٹنے اور انکے اثرات سے بحالی کے لیے **$70 ملین،** جس میں سے **$50 ملین** کمیونٹی کی کیپیٹل ضروریات کے لیے ہیں۔
  - **$36.4 ملین** GIVE انیشیٹو کے لیے۔
  - **$31.1 ملین** جرائم میں کمی، نوجوانوں کے انصاف کی فراہمی، اور گروہ بندی کی روک تھام کرنے والے پروگراموں کے لیے۔
  - **$25.9 ملین** ریاستی پولیس کے کمیونٹی اسٹیبلائزیشن یونٹس کے لیے۔
  - **$25 ملین** SNUG سٹریٹ آؤٹ ریچ پروگرام کے لیے۔
  - **$7.4 ملین** متشدد واقعات کے خلاف نگرانی کا پروگرام قائم کرنے اور GIVE کے دائرہ اختیار میں پیرول کے حامل افراد کے درمیان اسلحے والی لڑائیوں کے خلاف ریاست کے ردعمل کو بڑھانے کے لئے اضافی فنڈنگ۔

**فوجداری انصاف کے نظام کی تاثیر اور کارکردگی میں بہتری لانا**

بجٹ میں فوجداری انصاف کے نظام کی تاثیر اور کارکردگی میں بہتری لانے کے لئے اہم فنڈنگ بھی شامل ہے:

- استغاثہ اور دفاعی وکلاء کی دریافت کے عمل میں بہتری کے لئے **$170 ملین**، جس میں سے **$ 50 ملین** کی رقم نیویارک سٹی میں دریافتی ٹیکنالوجی میں بہتری لانے کے لیے شامل ہے۔
- پوری ریاست پر محیط استغاثہ اور دفاع کے لئے **$100 ملین** کی امدادی فنڈنگ۔
- نیویارک کے کم آمدنی والے باشندوں کی نمائندگی کرنے والے وکلاء کو ادا کی جانے والی فیسوں کی بڑھتے ہوئے ریٹس سے متعلقہ کاؤنٹی اخراجات کو پورا کرنے کے لئے **$92 ملین**۔ اس بجٹ میں پوری ریاست میں تفویض کردہ کونسل ریٹس کو $158 فی گھنٹہ تک بڑھایا گیا ہے۔
- قیدی پروگراموں کے متبادلات کے لیے **$31.4 ملین**۔
- قبل از ٹرائل خدمات کے لیے **$20 ملین**۔
- ری انٹری سروسز کے لئے **$11.5 ملین**، جو لوگوں کو جیل کی سزا کاٹنے کے بعد ان کی اپنی کمیونٹیز میں دوبارہ ضم ہونے اور بحالی میں مدد دیتی ہیں۔

**<u>عوامی تحفظ بہتر بنانا اور نیویارک کے شہریوں کی حفاظت کرنا</u>**

اس بجٹ میں نیویارک کے شہریوں کے تحفظ کے لئے ڈیزائن کی گئی اہم سرمایہ کاریوں بھی شامل ہیں، بشمول:

- ریاستی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کو اپ گریڈ کرنے کے لئے **$105 ملین** ۔
- ریاستی پولیس کے لئے ایک نئی سیٹلائٹ کرائم لیبارٹری خریدنے اور اس کی تزئین و آرائش کرنے کے لئے **$100 ملین** ۔
- اسٹیٹ پولیس اکیڈمی کی کلاسوں کی تعداد بڑھانے کے لیے **$66.7 ملین** ۔
- آگ بجھانے والے رضاکارانہ محکموں کو تعمیر، تزئین و آرائش، یا سہولیات اور آلات کی خریداری کے لئے کو سرمائے کی گرانٹ فراہم کرنے کے لئے **$25 ملین** ۔
- Next Generation 911 پر منتقل ہونے والی کاؤنٹیوں کی مدد کے لئے **$20 ملین**۔
- بنیادی تربیت مکمل کرنے والے آگ بھجانے میں مدد دینے والے رضاکار کار افراد کو وظیفے فراہم کرنے کے لئے **$10 ملین**۔
- ریاست کے تعاون سے چلنے والے کرائم اینالیسس سینٹر نیٹ ورک کے لیے **$16 ملین**۔
- ریاستی پولیس کو مجرمانہ تحقیقات میں ٹیکنالوجی کے ساتھ ہم آہنگ رہنے کی استعداد فراہم کرنے کے لیے **$7.4 ملین**۔
- اینٹی-فینٹانل انوویشن گرانٹ کے قیام کے لیے **$7 ملین**۔
- گھریلو تشدد کے متاثرین اور زندہ بچ جانے والوں کو مالی مدد فراہم کرنے کے لئے **$5 ملین** ۔

**<u>دماغی صحت کی نگہداشت کے تسلسل کی درستگی</u>**

نیویارک میں دماغی صحت کی نگہداشت کے نظام پر بہت طویل عرصے سے ضرورت سے کم سرمایہ کاری کی گئی ہے، اور نیویارک کے جو شہری سنگین دماغی عوارض کا شکار ہیں ان کے لیے عالمی وبا نے معاملات مزید مشکل بنا دیے ہیں۔ نیویارک کے شہریوں کی دماغی صحت کی پوری نہ ہونے والی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے گورنر Hochul طویل المدتی **$1 بلین کی ایک سرمایہ کاری** کریں گی تاکہ نیویارک کی دماغی صحت کی نگہداشت کے تسلسل میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں۔ اس جامع، متعدد برسوں پر محیط منصوبے میں مندرجہ ذیل کا اختصاص شامل ہے:

- نئے رہائشی یونٹس تیار کرنے کے لیے **$890 ملین** کیپیٹل سرمائے کے علاوہ، سالانہ آپریٹنگ اخراجات کی مد میں **$120 ملین۔**
- ہسپتالوں میں داخل مریضوں کے نفسیاتی علاج کے لیے آپریشنل صلاحیتیں بڑھانے کے لیے **$25 ملین** کیپیٹل سرمایہ اور **$7.3 ملین** سالانہ۔

- بیرونی مریضوں کے لیے خدمات کو وسعت دینے کے لیے **$60 ملین** کیپیٹل سرمایہ اور **$121.6 ملین** سالانہ۔
- سروسز کو بعد از ڈسچارج روابط بہتر بنانے کے لئے سنگین ضرورت والے اوقات میں خدمات فراہم کرنے والی 50 نئی کوآرڈینیشن ٹیموں کی تشکیل کے لیے سالانہ **$28 ملین**۔
- ذہنی صحت کی خدمات کو اسکولوں تک وسعت دینے کے لیے سالانہ **$30 ملین**۔

**اسقاط حمل تک رسائی کا تحفظ کرنا اور ریاست نیویارک کی محفوظ بندرگاہ تک رسائی کو مزید مضبوط و بہتر بنانا**

گورنر Hochul ریاست نیویارک میں اسقاط حمل تک رسائی کے تحفظ کے لئے مکمل پُرعزم ہیں جو ملک کی پہلی سیف ہاربر ریاست کے طور پر ریاست کی تاریخی حیثیت کو مستحکم کرتا ہے۔ ریاستی فنڈنگ میننیویارک میں اسقاط حمل کی سہولیات فراہم کرنے والوں کو Medicaid کی ادائیگیوں میں **$100.7 ملین** کی ریاستی فنڈنگ دی جائے گی اور نجی انشورنس کمپنیوں کو پابند کیا جائے گا کہ وہ اسقاط حمل کے لئے تجویز کردہ آف-لیبل ادویات کا احاطہ کریں جب وہ ادویات اسقاط حمل کروانے کے لئے تجویز کی جائیں۔ مزید برآں، تولیدی صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کی دوبارہ بحالی کی قومی کوششوں کی روشنی میں یہ تاریخی اقدام ریاست نیو یارک میں اسقاط حمل والی نگہداشت حاصل کے خواہاں افراد کے ذاتی ڈیٹا کی بہت مضبوط حفاظت کرے گا، چاہے وہ ریاست کے رہائشی والی حیثیت رکھتے ہوں یا نہ رکھتے ہوں۔

مالی سال 2024 کے بجٹ میں اسقاط حمل کی سہولیات کے فراہم کنندگان اور تولیدی صحت کی دیکھ بھال والی نئی فنڈنگ میں یہ شامل ہیں:

- اضافی معاونت اسقاط حمل تک رسائی کی سروسز کے لیے $**25 ملین** کی اعادی معاونت
- تولیدی صحت کے مراکز کے لئے **$10 ملین کی** سیکیورٹی گرانٹس (ایک بار)۔
- اضافی Medicaid باز ادائیگی کی مد میں **$65.8 ملین** ($14.1 ملین ریاستی شیئر):
  - بذریعہ جراحت اسقاط حمل کی باز ادائیگیوں میں اضافے کے لیے **$14.9 ملین**۔
  - خاندانی منصوبہ بندی کی باز ادائیگیوں میں اضافے کے لیے **$35.2 ملین**؛ اور
  - فارماسسٹ کی تجویز کردہ مانع حمل ادویات کے لیے **$15.6 ملین**۔

**طلباء اور اسکولوں کی معاونت کرنا**

نیویارک کے تمام طلباء، پری کنڈرگارٹن سے لے کر کالج تک، اعلی معیار والی تعلیم کا حق رکھتے ہیں۔ گورنر Kathy Hochul نے اسکول سال 2024 کے لئے مجموعی اسکول امداد میں ریکارڈ **$34.5 بلین** شامل کیے، جس سے یہ اب تک کی سب سے بڑی ریاستی بن گئی ہے اور 22 چارٹر اسکولوں کی دوبارہ بحالی کا عمل بھی یقینی بنا ہے۔ بجٹ میں SUNY کی تبدیلی اور CUNY کی اسٹریٹجک ضروریات کے لیے اہم سرمایہ کاریاں بھی شامل ہیں۔

تعلیم کے لیے فنڈنگ میں یہ شامل ہیں:

- فاؤنڈیشن امداد کے لیے **$24 بلین** - جو گزشتہ سال کے مقابلے میں **$2.6 بلین** کا اضافہ ہے - جس سے تاریخ میں پہلی بار فاؤنڈیشن امداد کو مکمل طور پر فنڈ دینے والا گورنر Hochul کا وعدہ پورا ہو گیا ہے۔
- ریاست بھر میں پری کنڈرگارٹن کو 20,000 بچوں تک وسعت دینے کے لئے **$150 ملین**، جس سے ریاست کی سالانہ سرمایہ کاری $1.2 بلین ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔
- اسکولوں میں مفت کھانے تک رسائی بڑھانے کے لئے **$134 ملین**۔
- [ب] ارلی کالج ہائی اسکول اور Pathways in Technology کی ارلی کالج ہائی اسکول فنڈنگ کے لئے **$20 ملین** جس سے طلباء ہائی اسکول میں کالج کریڈٹ حاصل کرسکیں گے اور طلباء کو بلند تقاضوں والی اسکول ڈسٹرکٹس میں ترجیح ملے گی۔

- SUNY اور CUNY کے کیپیٹل پروجیکٹس کے لیے نئی فنڈنگ میں **$2.4 بلین** جس سے کیمپس کی سہولیات اپ گریڈ کی جائیں گی اور جدت سازی کی معاونت کرنے اور دونوں نظاموں کی ترقی کو تقویت دینے کے لیے اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں کی جائیں گی۔
- SUNY اور CUNY کیمپسز کے لیے نئی آپریٹنگ معاونت کی مد میں **$381 ملین**۔
- SUNY کے چار یونیورسٹی مراکز کے لیے وقف کردہ معاونتی امداد کے لئے کے لیے ریاست نیویارک کا پہلا مماثل فنڈ تکلیق کرنے کی مد میں **$500 ملین**۔

**<u>گھروں کے مالکان، کرایہ داروں، اور پبلک ہاؤسنگ رہائشیوں کی معاونت کرنا</u>**

گورنر Kathy Hochul نے گھروں کے مالکان، کرایہ داروں، اور پبلک ہاؤسنگ رہائشیوں کی معاونت کے لئے مالی سال 2024 کے بجٹ کے جزو کے طور پر نئے اقدامات کا اعلان کیا۔ اس بجٹ میں کرایہ کے بوجھ تلے سب سے زیادہ دبے ہوئے نیویارک باسیوں کے لئے پبلک اور سبسڈی والے مکانات کے کرایے کی مد میں تاریخی امدادی سرمایہ کاریاں، گھروں کے مالکان کے لیے مالی مدد و معاونت، رہائشی عمارتوں میں رہنے والوں کے لئے بچپن میں سیسے کی زد میں آنے سے بچاؤ والے ملک گیر پروگرام کی تشکیل، پہلا اپ اسٹیٹ ٹیننٹ پروٹیکشن یونٹ، اور قانونی خدمات کے لیے فنڈنگ اور ریاست بھر میں بے دخلی کے مقدمات کے لیے نمائندگی جیسے امور شامل ہیں۔ باہم مل کر یہ اقدامات نیویارک کے رہائشی بحران کا مقابلہ کرنے اور ریاست کو نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے زیادہ سستی اور زیادہ قابل رہائش بنانے والی گورنر کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں۔

ہاؤسنگ کے لیے فنڈنگ میں یہ شامل ہیں:

- مزید کرایہ داروں اور خاندانوں کی مدد والے و معاونت والے ہنگامی کرایہ امداد پروگرام کے لئے **$391 ملین**، جن میں NYCHA اور دیگر پبلک ہاؤسنگ رہائشیوں اور وفاقی سیکشن 8 واؤچرز کے وصول کنندگان بھی شامل ہیں۔
- ہوم اونر اسٹیبلائزیشن فنڈ کے لیے **$50 ملین** جس سے ریاست بھر میں ایسی 10 کمیونٹیز میں گھروں کی مرمت کے لیے فنڈز فراہم ہوں گے جن کی شناخت کم آمدنی والے غیر سفید فام گھر مالکان اور پریشانی کا شکار گھر مالکان کی اونچی سطح والوں کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ پروگرام $10 ملین کے Buffalo East Homeowner Improvement Program کی طرز پر ماڈل کیا گیا ہے۔
- گھر مالکان کے تحفظ والے پروگرام کے لیے **$40 ملین** جو پوری ریاست میں درجنوں غیر منافع بخش ہاؤسنگ کونسلنگ اور قانونی خدمات کی تنظیموں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے تاکہ گھر مالکان کو قرقی اور نادہندہ بننے جیسی مشکلات سے پیشگی بچانے میں مدد مل سکے۔

**<u>پبلک ٹرانزٹ تک رسائی، استطاعت اور تحفظ کو وسعت دینا</u>**

گزشتہ ایک سال کے دوران، گورنر Hochul نے لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے تیسرے ٹریک منصوبے کی تکمیل کو آگے بڑھایا ہے، ملک کے تازہ ترین ریل ٹرمینل کو گرینڈ سینٹرل میڈیسن میں کھولا ہے، Metro-North Penn Station Access تک رسائی کے پروجیکٹ کی بنیادیں رکھی ہیں اور دیگر بڑے منصوبوں میں بھی کافی پیشرفت کی ہے، جن میں سیکنڈ ایونیو سب وے اور انٹربورو ایکسپریس شامل ہیں۔

گورنر Hochul نے MTA، نیویارک سٹی، اور ریاست کے شراکت داروں کے ساتھ MTA کے طویل مدتی مالی استحکام کو مضبوط بنانے کے لیے انتھک کام کیا ہے، جبکہ سواریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں بھی مسلسل پیشرفت کی ہے۔ مالی سال 2024 کے بجٹ میں یہ استدعا کی گئی ہے:

- اخراجات کو کم کرنے اور صارفین کی خدمت کو بہتر بنانے کے لیے MTA کی آپریٹنگ افادیت میں **$400 ملین** سے زیادہ کا نفاذ۔
- نیو یارک سٹی میں سب سے بڑے کاروباروں کے لیے پے رول موبلٹی ٹیکس کے سب سے اوپری ریٹ سب سے بڑے کاروباروں تک وسعت دینا جس سے سالانہ اضافی **$1.1 بلین** پیدا ہوں گے۔

- نیویارک سٹی کے پیرا ٹرانزٹ سروسز کے لئے فنڈنگ کے حصے میں اضافہ کرنا، جس سے سالانہ تقریباً **$165 ملین** حاصل ہوں گے۔
- MTA آپریٹنگ ریونیو پر عالمی وباء کے غیر معمولی اثرات سے نمٹنے کے لیے ایک مرتبہ دی جانے والی ریاستی امداد کی مد میں **$300 ملین**۔
- ہفتے کے دن کے وسطی دورانیے، اختتام ہفتہ، اور کاروباری دنوں کی راتوں میں سب وے سروس کو بہتر بنانے کے لیے **$35 ملین** کی سرمایہ کاری۔
- MTA کے کرائے میں مجوزہ اضافے کو 5.5 فیصد سے کم کرکے 4 فیصد کرنے کے لیے **$65 ملین**۔
- سواریوں کی حفاظت کے لیے حفاظتی سرمایہ کاری میں **$35 ملین**۔
- اگر ریاست کے جنوبی حصے میں تین کیسینوز کو لائسنس تفویض کر دیئے گئے تو لائسنسنگ فیس میں **$1.5 بلین** وقف کرنا، اور MTA کی کارروائیوں کے لیے کیسینوز سے حاصل کردہ سالانہ ٹیکس آمدنی میں اندازاً **$231 سے $413 ملین** تک کا حصہ ڈالنا۔
- نیو یارک سٹی میں کرائے کے بغیر پانچ بس روٹس فراہم کرنے والے ابتدائی پروگرام کو فنڈ دینے اور بسوں کی رفتار بڑھانے اور حادثات کم کرنے والے Automated Bus Lane Enforcement کو فنڈ کرنے کے لیے **$15 ملین** ۔

گورنر Hochul پوری ریاست میں ٹرینوں، بسوں اور سب ویز میں عوامی حفاظت کا معیار بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی ٹرانزٹ تک رسائی اور استطاعت کو بڑھانے کے لیے ایک نئی تاریخی شراکت داری قائم کر کے ٹرانزٹ میں سرمایہ کاری کرنمے والے اپنے ریکارڈ کو مزید آگے لے کر جائیں گی۔

- ماس ٹرانزٹ آپریٹنگ معاونت کی مد میں **$9.4 بلین**، بشمول غیر-MTA حکام کے لیے **$829 ملین** کی آپریٹنگ معاونت۔
- مسافروں کے لیے پہلے Penn سٹیشن کے لیے **$1.3 بلین**، جو مغربی نصف کُرّے کا مصروف ترین ٹرانزٹ مرکز ہے۔
- غیر-MTA حکام کے لئے بسوں کو بجلی سے چلانے کے لئے **$20 ملین** اور NFTA کے لائٹ ریل سسٹم کی بحالی کے لئے **$20 ملین**۔

**<u>موسمیاتی بحران سے نمٹنا اور سستی توانائی میں سرمایہ کاری</u>**

ریاست نیویارک کے پاس ملک کے ماحولیاتی منصوبوں میں سے ایک سب سے زیادہ تازہ ترین منصوبہ ہے جس میں آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف ستھرا، صحت مندانہ ماحول بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ گورنر Hochul ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے، توانائی کی استطاعت بڑھانے، آلادگیوں کا اخراج کم کرنے، اور صاف ہوا اور پانی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے انقلابی سرمایہ کاریاں کریں گی جبکہ آب و ہوا سے متعلق اقدامات کے لئے مختص کردہ **$30 بلین** سے زائد رقم سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں گی۔

مالی سال 2024 کے بجٹ میں یہ شامل ہوں گے:

- مالیاتی بنیادوں کی تخلیق جو معیشت کو سہارا دینے والے **"کیپ اینڈ انویسٹ" پروگرام کی پیشرفت کے** لئے ضروری ہیں۔
- بجلی کے زیادہ بلوں کا سامنا کرنے والے نیویارک کے شہریوں کی امداد و معاونت کے لئے ساتھ برق کاری منصوبوں اور ریٹروفٹس کے ذریعے بجلی کے بلوں کا بوجھ کم کرنے کے لیے **$400 ملین**۔
- نئی عمارتوں میں صفر اخراج والی پابندیوں کو مزید سخت کرنے کی ضرورت ہے اور وہ NYPA کو پابند بناتا ہے کہ سب سے زیادہ اخراج کرنے والی 15 ریاستی تنصیبات کے لئے ڈی کاربنائزیشن ایکشن پلان مکمل کرے۔

2022 میں ووٹروں کی جانب سے منظور کیے گئے تاریخی ماحولیاتی بانڈ ایکٹ سے آنے والی سرمایہ کاریاں کے علاوہ، نافذ کردہ بجٹ میں یہ بھی شامل ہیں:

- صاف پانی کے بنیادی ڈھانچوں کی مد میں **$500 ملین** کی فنڈنگ، جس سے 2017 سے کی جانے والی سرمایہ $5 بلین تک پہنچ چکی ہے۔
- ماحولیاتی تحفظ فنڈ کے لیے **$400 ملین**۔
- سفوک کاؤنٹی کو رائے دہندگان کو بیلٹ ریفرنڈم کرانے کا اختیار دینا تاکہ گندے پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کے لئے تکراری فنڈز کا ذریعہ بننے والا ایک طویل مدتی منصوبہ نافذ کیا جا سکے۔
- دفتر برائے پارکس، تفریحی اور تاریخی تحفظ کے لیے **$200 ملین** تاکہ ریاستی پارکوں کو بہتر بنانے میں سرمایہ کاری کی جائے۔

**<u>نیویارک کی معیشت کو بہتر بنانا اور کام کرنے والے خندانوں کی معاونت کرنا</u>**

مالی سال 2024 کا بجٹ ریاست کی معیشت کو مضبوط کرے گا اور گورنر Hochul کے نیو یارک کو ملک کی سب سے زیادہ کاروبار دوست اور مزدور دوست ریاست بنانے والے تصور کو مہمیز دے گا۔ یہ بجٹ مقامی معیشتوں میں سرمایہ کاری کرے گا، تین سال کے لئے کم از کم اجرت میں اضافہ کرے گا اور پھر اسے مستقبل میں افراط زر میں اضافے سے مربوط کر دے گا، اور نیو یارک کی عوامی افرادی قوت کو جدید تر بنائے گا۔

اس بجٹ میں شامل ہے:

- مقامی معیشتوں میں **$1 بلین** کی سرمایہ کاری، بنشمول:
  - علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کے لئے گرانٹ فنڈنگ اور ٹیکس کریڈٹ کی مد میں **$225 ملین**۔
  - ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو اور NY Forward کے لئے ایک برس کی اضافی فنڈنگ کے لئے **$100 ملین**۔
  - RESTORE New York Communities اقدام کے لئے **$50 ملین**۔
  - NYWORKS معاشی ترقیاتی فنڈ کے لیے **$400 ملین**۔
  - تقریباً **$200 ملین** ایسے منصوبوں کے لئے جو کمیونٹی کی ترقی اور خوشحالی کی معاونت کرتے ہیں۔

- **$45 ملین** ریاست کی سیمی کنڈکٹر صنعت کی ترقی کی قیادت کرنے کے لئے گورنر کے سیمی کنڈکٹر توسیع، انتظام اور انضمام کے دفتر کو فراہم کیے جائیں گے۔
- سول سروس کے امتحان کی فیس میں رعایت کی توسیع و اضافے کے لئےریاست نیویارک کی سرکاری افرادی قوت کو اہم اقدامات کے ذریعے سول سروس ڈپارٹمنٹ اور جنرل سروسز کے دفتر کے ساتھ مربوط و منظم کیا جائے گا۔
- نیویارک کے فلم ٹیکس کریڈٹ کو **$700 ملین** تک وسعت دینا۔
- 16 سے 24 برسوں تک کی عمر والے بے روزگار اور کم آمدنی والے افراد کو تعلیمی مدد اور ملازمت کی تربیت فراہم کرنے کے لئے ایک یوتھ جابز کنیکٹر پروگرام کی تخلیق۔

اس بجٹ میں بچوں کی دیکھ بھال اور کام کرنے والے خاندانوں کی مدد و معاونت والے اقدامات بھی شامل ہیں:

- امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ کے دائرہ کار کو چار سال کی عمر تک کے بچوں کو شامل کرنے کے لئے وسعت دینا۔
- کم اور درمیانی آمدنی والے 525,000 ٹیکس دہندگان کی مجموعی معاونت کے کی مد میں تقریباً 630,000 اضافی بچوں کے لئے **$179 ملین** کی فراہمی۔
- مقررہ مقدار سے کم استعمال شدہ **$500 ملین** کے وفاقی فنڈز کی Workforce Retention Grant Program کی تخلیق کے لئے فراہمی تاکہ نیویارک کی بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی افرادی قوت کی مدد و معاونت ہو سکے۔
- **$4.8 ملین** ایک نئے آجر کے زیر اہتمام چائلڈ کیئر پائلٹ پروگرام میں سرمایہ کاری۔

- ان کاروباروں کے لیے 'ایمپلائر چائلڈ کیئر ٹیکس کریڈٹ' کا قیام جو نئے بچوں کی دیکھ بھال کے اختیارات تخلیق کرتے ہیں اور اپنے کارکنوں کے لیے موجودہ پروگراموں کو وسعت دیں۔

**ایک مزید مضبوط نگہداشت صحت نظام قائم کرن**

گزشتہ سال کے تاریخی کثیر سالہ صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے، بجٹ ایک اضافی **$22 بلین کی کثیر سالہ سرمایہ کاری** جو ریاست کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کی مدد و موانت کرے گا، بشمول:

- **Medicaid کی واپسی کی شرح میں کافی حد تک اضافہ** - داخل مریضوں کے اسپتال کی خدمات کے لئے 7.5 فیصد اضافہ، نرسنگ ہومز کے لئے 7.5 فیصد تک اضافہ، اور بیرونی مریضوں کے اسپتال کی خدمات اور معاون رہائشی فراہم کنندگان کے لئے 6.5 فیصد اضافہ۔
  - اس انقلابی تبدیلی سے **$1.2 بلین** صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو سالانہ مجموعی فائدہ فراہم کرے گی، اس کے علاوہ **$500 ملین** صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کی مالی مشکلات ختم کرنے میں صرف ہوں گے۔

- Wadsworth Laboratories کی پانچ غیر منسلک سائٹوں کو سنہ 2030 تک البانی میں W. Averell Harriman کیمپس کی ایک سائٹ سے یکجا کرنے کے لیے مکمل طور پر فنڈ دینے کے لیے **$1.7 بلین** ۔
- صحت کی دیکھ بھال والے کیپیٹل پروگرام کے لئے **$1 بلین** صحت کی دیکھ بھال میں تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری کو آگے بڑھانے کے لئے، جس میں ٹیکنالوجی اور سائبر سیکورٹی میں سرمایہ کاری کی حمایت کے لئے $500 ملین بھی شامل ہیں۔
- Medicaid سے مستفید ہونے والوں کے لئے حفاظتی اور بنیادی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانے کے لئے **$419 ملین** کی مجموعی سرمایہ کاری۔
- Medicaid اندرونی خریداری پروگرام کی وسعت کے لیے **$120 ملین** کی مجموعی سرمایہ کاری۔
- کرائے کے مکانات میں سیسے کی زد میں آنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے **$39 ملین** ۔
- طبی نقل و حمل کے لئے Medicaid کی ادائیگی کی شرح میں اضافہ کرنے کے لئے **$36 ملین** کی مجموعی سرمایہ کاری۔
- صحت عامہ کے بحرانوں کے لئے ہدف اور مناسب ردعمل کو مطلع کرنے اور صحت کی دیکھ بھال کی وسیع تر بصیرت کو چلانے والی پورے ملک پر محیط قائدانہ اقدام کے ذریعے صحت کی نگرانی اور نگرانی کے نظام کی تشکیل میں مدد کرنے کے لئے **$28 ملین** ۔
- ریاست کے ہنگامی طبی خدمات کے نظام کو بحال کرنے کے لیے **$8 ملین** ۔
- سگریٹ ٹیکس کو **$1.00** سے بڑھانا، جس سے ملک میں سب سے طاقتور سگریٹ ٹیکس نظام قائم ہوگا۔ کرنا۔

###